Roll No ____________________ [Total No. of Printed Pages-1

# PGIS 1222 B - 15
## M.A. Ist Semester Degree Examination
## URDU
## (Tareekh-e-zaban - o Adab 1857 Tak)
## Paper : HC - 1.1

*Time : 3 Hours* *Maximum Marks : 80*

ہدایت: تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں؟

تمام سوالوں کے نشان مساوی ہے؟

سوال۱) آریاؤں کی ہندوستان میں آمد کے بعد لسانی سطح پر واقع ہونے والی تبدیلیوں پر روشنی ڈالیے؟

یا

مغربی ہندی اور اس کی بولیوں پر ایک جامع مضمون تحریر کیجئے؟

سوال۲) امیر خسروؔ کے حوالے سے کھڑی بولی سے ریختہ تک اردو کے سفر کا جائزہ لیجئے؟

یا

عادل شاہی دور میں صنف مثنوی کے ارتقا پر اظہار خیال کیجئے؟

سوال۳) ایہام گوئی اور اس کے ردعمل کی تحریک کے بارے میں اپنی معلومات قلم بند کیجئے؟

یا

''دبستان لکھنوی کی شاعری' لکھنوی تہذیب کے تکلف اور تصنع کی آئینہ دار ہے تبصرہ کیجئے؟

سوال۴) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے؟

یا

غالب اور ان کے معاصرین کی غزل گوئی کا تنقیدی محاکمہ کیجئے؟

سوال۵) سترھدیں صدی میں اردو نثر کی صورت حال پر روشنی ڈالیے؟

یا

کسی دو پر اختصاریہ تحریر کیجئے؟

۱) عہد مغلیہ ۲) اصلاح زبان کی تحریک ۳) دہلی کالج ۴) داستان

Roll No ___________________ [Total No. of Printed Pages-1

# PGIS 1223 B - 15
## M.A. Ist Semester (CBCS) Degree Examination
## URDU
## (Classiki Shaeri)
## Paper : H.C - 1.2

*Time : 3 Hours* *Maximum Marks : 80*

ہدایت: تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں؟

تمام سوالوں کے نشان مساوی ہے؟

سوال۱) مثنوی کے فن پر روشنی ڈالیئے؟

یا

میر حسن کی مثنوی نگاری کی خصوصیات قلم بند کیجئے؟

سوال۲) اردو قصیدہ نگاری کی روایت پر روشنی ڈالیئے؟

یا

''تضحیک روزگار'' کے حوالے سے سودا کی ہجویہ قصیدہ نگاری کا جائزہ لیجئے؟

سوال۳) مرثیہ کی تعریف کرتے ہوئے میر انیس کے فن کا جائزہ پیش کیجئے؟

یا

مرثیہ کے اجزائے ترکیبی کی وضاحت کیجئے؟

سوال۴) نظم کی تعریف کرتے ہوئے نظم کی مختلف ہیئتوں کا تعارف پیش کیجئے؟

یا

نظم ''بنجارہ نامہ'' کی روشنی میں نظیر اکبرآبادی کی نظم نگاری پر روشنی ڈالیئے؟

سوال۵) رباعی کے مختلف موضوعات کا احاطہ کیجئے؟

یا

امجد حیدرآبادی کی رباعی گوئی کا تجزیہ کیجئے؟

☆☆☆

Roll No ______________ [Total No. of Printed Pages-1

# PGIS 1224 B - 15
## M.A. Ist Semester Degree Examination
## URDU
## (Novel Aur Mukhtasar Afsana)
## Paper : HC - 1.3

*Time : 3 Hours* *Maximum Marks : 80*

ہدایت: تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں؟

تمام سوالوں کے نشان مساوی ہے؟

سوال۱) افسانے کی تعریف کیجئے اور اس کے فنی مسائل کی وضاحت کیجئے؟

یا

اردو افسانے کے فروغ میں راجندر سنگھ بیدی کی خدمات کا جائزہ لیجئے؟

سوال۲) اردو میں ناول نگاری کے آغاز و ارتقا پر روشنی ڈالیے؟

یا

اردو ناول کی نشو و نما میں پریم چند کا حصہ کے موضوع پر ایک جامع مضمون لکھئے؟

سوال۳) منٹو کی افسانہ نگاری کی امتیازی خصوصیات واضح کیجئے؟

یا

''زرد کتا'' انسانی قدروں کے زوال کا نوحہ ہے بحث کیجئے؟

سوال۴) ''ایک چادر میلی سی'' کا موضوعاتی اور فنی تجزیہ کیجئے؟

یا

عصمت چغتائی کے افسانوں میں متوسط مسلم معاشرے کی خواتین کے مسائل و موضوعات کی کارفرمائی پر اظہار خیال کیجئے؟

سوال۵) ''آگ کا دریا کے بعد آخر شب کے ہم سفر قرۃ العین حیدر کا سب سے بہترین ناول ہے'' اس بیان کی تائیدی بحث کیجئے؟

یا

کسی دو پر اختصاریہ لکھئے:

۱) سجاد حیدر یلدرم ۲) بجوکا ۳) ناول کی اقسام ۴) جدید افسانہ

Roll No ________________ [Total No. of Printed Pages-2

# PGIS 1225 B - 15
## M.A. Ist Semester (CBCS) Degree Examination
## URDU
## (Farsi Zaban - O - Adab)
## Paper : SC - 1.1

*Time : 3 Hours* *Maximum Marks : 80*

ہدایت: تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں؟

ہر سوالوں کے نشان مساوی ہے؟

سوال۱) دیدن اور نشستن مصادر سے فعل ماضی کی گردان کیجئے ؟

یا

آمدن اور رفتن مصادر سے فعل حال معروف کی گردان کیجئے ؟

سوال۲) درج ذیل عبارت کا اُردو میں ترجمہ کیجئے ؟

یکے از ملوک عجسم طبیبے حاذق را بخدمتِ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرستاد سالے چند در دیارِ عرب بود کسے بہ تجربہ پیش وے نیامد و معالجے از وے درنخواست پیش پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم آمد و گلہ کرد کہ مرا ایں بندہ را برائے معالجت اصحاب بخدمت فرستادہ اند دریں مدت کسے التفاتے نہ کرد تا خدمتے کہ بر بندہ معین است بجا آرد رسول علیہ اسلام گفت ایں طائفہ را طریقے ہست کہ تا اشتہا غالب نہ شود نخورند وہنوز اشتہا باقی بود کہ دست از طعام بدارند حکیم گفت ہمین ست موجبِ تندرستی خدمت ببوسید و رفت؟

یا

درجہ ذیل عبارت کا فارسی میں ترجمہ کیجئے ؟

ایک فقیر کے بارے میں، میں نے سنا کہ فاقہ کشی کی آگ میں جلتا تھا اور پیوند پر پیوند لگا تا تھا اور اپنی تسلی کے لئے کہتا تھا؟ خشک روٹی پر ہم صبر کریں اور گدڑی پر: کیونکہ اپنی مصیبت کا رنج مخلوق کے احسان کے بوجھ سے اچھا سے کسی نے اُسی سے کہا تو یہاں کیوں بیٹھا ہے اس شہر میں فلاں شخصی بہت اچھی عادت کا ہے اور اس کا کرم عام ہے اور وہ آزاد لوگوں کی خدمت کے لئے کمر کسے ہوئے ہے اور لوگوں کی دل جوئی کرتا رہتا ہے؟

سوال۳) علامہ اقبال کی فارسی شاعری پر اظہارِ خیال کیجئے ('' پیام مشرق کے حوالے سے )؟

یا

شیخ سعدی کے اسلوبِ نگارش پر روشنی ڈالیے؟

سوال۴) متن کے حوالے سے کسی چار اشعار کی تشریح کیجئے؟

| | |
|---|---|
| ۱) مے قوتِ جسم وقوتِ جان است مرا | مے کاشفِ اسرارِ نہانست مرا |
| ۲) دیگر طلب دُنیا وعقبیٰ نہ کُنم | یک جُرعہ پرُاز ہر دوجہانست مرا |
| ۳) اَلایا اَیُّھَا السَّاقِی اَدِر کا سأونا وِلِھَا | کہ عشق آساں نمود اول وَلے افتاد مُشکلھا |
| ۴) مرادر منزلِ جاناں چہ امن وعیشِ چوں ہر دم | جرس فریادمی وارد کہ بر بندید محملھا |
| ۵) سرِ من از نالہ من دور نیست | لیک چشم وگوش راآں نو رنیست |
| ۶) تن زجان وجاں زتن مستور نیست | لیک کس رادید جاں دستور نیست |

سوال۵) مولانا رومی کے احوال وافکار پر اظہارِ خیال کیجئے؟

یا

علامہ اقبال کی فارسی نظم ''گُلِ نخستیں'' کا خلاصہ تحریر کیجئے؟

☆☆☆

Roll No ____________________ [Total No. of Printed Pages-1

# PGIS 1226 B - 15
## M.A. Ist Semester (CBCS) Degree Examination
## URDU
## (Tarjuma Nigari)
## Paper : SC - 1.2

*Time : 3 Hours* *Maximum Marks : 80*

ہدایت: تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں؟

تمام سوالوں کے نشان مساوی ہے؟

سوال۱) اردو میں فن ترجمہ نگاری کے مسائل پر بحث کیجئے؟

یا

اردو میں ترجمہ نگاری کے آغاز وارتقاء کا جائزہ لیجئے؟

سوال۲) فن ترجمہ نگاری کے اصولوں پر مفصل نوٹ لکھئے؟

یا

صحافتی ترجمے کی مختلف اقسام پر روشنی ڈالئے؟

سوال۳) صحافتی ترجمہ نگاری میں مترجم کو کن اصولوں کو مدنظر رکھنا چاہئے؟ لکھئے

یا

ماہر منصور کے ترجمہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے؟

سوال۴) اردو میں منظوم تراجم کی روایت پر اظہار خیال کیجئے؟

یا

علمی وادبی ترجمہ کی تعریف کرتے ہوئے اسکی ضرورت واہمیت پر روشنی ڈالئے؟

سوال۵) ترجمہ نگاری کے فروغ میں دارالترجمہ عثمانیہ کی ادبی خدمات کا احاطہ کیجئے؟

یا

شینی ترجمے کی افادیت اور اُردو میں اس کے مکانات پر روشنی ڈالیے؟

☆☆☆

Roll No ____________________ [Total No. of Printed Pages-1

# PGIS 1227 B - 15
## M.A. Ist Semester Degree Examination
## URDU
## (Adab ki Tadrees)
## Paper : SC - 1.4

*Time : 3 Hours* *Maximum Marks : 80*

ہدایت: تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں؟

تمام سوالوں کے نشان مساوی ہے؟

سوال۱) ادب کی تدریس کے مسائل و مضمرات پر تفصیلی روشنی ڈالیے؟

یا

اردو ادب میں اعلیٰ تعلیم کے نصاب کو معیاری کس طرح بنایا جا سکتا ہے؟ اپنی تجاویز پیش کیجئے؟

سوال۲) ڈرامے کی تدریس کے دوران مکالمے کی اہمیت پر اظہار خیال کیجئے؟

یا

غزل کی تدریس کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کیجئے؟

سوال۳) تدریس میں تمہید سبق کی اہمیت اجاگر کیجئے؟

یا

تنقید کی تدریس میں تنقیدی طریقہ کار موزوں ہے یا تجزیاتی طریقہ کار مفصل لکھئے؟

سوال۴) مرثیے کی تدریس سے قبل تاریخی پس منظر کے طور پر کن واقعات کا تذکرہ ضروری ہے؟

یا

دکن ادب کی تدریس کے مسائل کا جائزہ لیجئے؟

سوال۵) قصیدے کی تدریس کے اصولوں پر روشنی ڈالیے؟

یا

داستان کی تدریس میں کن نکات پر خصوصی توجہ دینا ضروری ہے؟

☆☆☆